**MARKS:80**

**MODEL QUESTION PAPER**

**SUBJECT : URDU R3 2024-25 STD:IX TIME: 3 HRS**

| | | |
|---|---|---|
| | **ہدایات: 1- تمام سوالات لازمی ہیں۔ 2- صفائی اور خوشخطی کا خیال رکھیں۔** | |
| | **درج ذیل عبارت پڑھ کر پوچھے گئے سوالات کے جوابات دیے گئے متبادل میں سے چن کر لکھیے۔** | ❖ |
| | زیادہ تر جانوروں کو پودوں سے غذا ملتی ہے۔ کچھ جانور ایسے بھی ہوتے ہیں جو دوسرے جانوروں کا شکار کر کے اُن کا گوشت کھاتے ہیں، جیسے شیر، چیتا وغیرہ۔ درندوں سے یہ فائدہ ہے کہ وہ جنگل کے پیڑ پودوں کو کھاتے رہتے ہیں۔ اگر ایسا نہ ہو تو جنگل اتنے گہرے ہو جائیں گے کہ ان میں روشنی، ہوا اور پانی کی کمی ہو جائے اور پیڑ پودے مر جائیں گے۔ دوسری طرف اگر درندے نہ ہو تو چرندا اتنے ہو جائیں گے کہ سارے کا سارا جنگل کھا کر ختم کر دیں گے۔ چڑیا جنگلوں کے لیے ضروری ہیں، اس لیے کہ اُن کی وجہ سے کیڑے مکوڑے کم ہوتے رہتے ہیں۔ وہ بیجوں کو بھی بکھیرتی ہیں اور اُن کی بیٹ سے جنگل زرخیز ہوتے رہتے ہیں۔ غرض ہر جانور اور ہر پودا جنگل کی زندگی کے لیے اپنی اپنی جگہ پر ضروری ہے۔ | |
| 1 | زیادہ تر جانوروں کو------سے غذا ملتی ہے۔<br>A. پہاڑوں<br>B. پیڑوں<br>C. پودوں<br>D. جھاڑیوں | 1 |
| 1 | کون سے جانور دوسرے جانوروں کا شکار کر کے ان کا گوشت کھاتے ہیں؟<br>A. شیر اور چیتا<br>B. گائے اور بکری<br>C. گدھا اور گھوڑا<br>D. ہرن اور اونٹ | 2 |

| | | |
|---|---|---|
| 1 | -------سے یہ فائدہ ہے کہ وہ جنگل کے پیڑ پودوں کو کھاتے رہتے ہیں۔<br>A. درندوں<br>B. چرندوں<br>C. پرندوں<br>D. ان میں سے کوئی نہیں | 3 |
| 1 | روشنی ہوااور پانی کی کمی سے کیا ہوگا؟<br>A. پیڑ پودے مر جائیں گے۔<br>B. بارش نہیں ہوگی۔<br>C. جانور مر جائیں گے۔<br>D. اناج نہیں اگے گا۔ | 4 |
| | **مندرجہ ذیل نظم کو پڑھ کر سوالات کے جوابات لکھیے۔** | ❖ |
| | ہندو مسلماں ہیں بھائی بھائی<br>کیسی تفریق کیسی لڑائی<br>ہندو ہو کوئی یا ہو مسلمان<br>عزّت کے قابل ہے بس وہ انساں<br>نیکی ہو جس کا کارِ نمایاں<br>اوروں کی مشکل ہو جس سے آساں | |
| 1 | ہندو مسلماں آپس میں کون ہیں؟<br>A. دوست<br>B. دشمن | 5 |

| | | |
|---|---|---|
| | C. بھائی بھائی<br><br>D. رشتہ دار | |
| 1 | نیکیاں **(واحد پہچانیے)**<br><br>A. نیکی<br><br>B. نیقی<br><br>C. نکایاں<br><br>D. نیک | 6 |
| 1 | ہر اک انسان کس کے قابل ہے؟<br><br>A. برابری<br><br>B. عزّت<br><br>C. محبّت<br><br>D. نفرت | 7 |
| 1 | عزّت **(ضد پہچانیے)**<br><br>A. جنگ<br><br>B. برداشت<br><br>C. بے عزّت<br><br>D. انسانیت | 8 |
| | **درج ذیل ہر سوال کے لیے چار متبادل جوابات دِے گئے ہیں ان میں سے صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھیے۔** | |
| 1 | عادت **(جمع پہچانیے)**<br><br>A. ادات<br><br>B. اعداد | 9 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | C. عادات<br>D. عدوت | |
| 10 | نقصانات (واحد پہچانیے) | A. نقسان<br>B. نکسان<br>C. نکصان<br>D. نقصان | 1 |
| 11 | سوال (ضد پہچانیے) | A. جواب<br>B. سوالوں<br>C. سول<br>D. سوالات | 1 |
| 12 | گندا (ضد پہچانیے) | A. گندگی<br>B. شفّاف<br>C. صاف<br>D. ان میں سے کوئی نہیں | 1 |
| 13 | نوازاپنے دوست کی بات سن کر اپنے آپے سے باہر ہو گیا۔ (خط کشیدہ محاورے کے معنی پہچانیے) | A. بہت غصّہ ہونا<br>B. خود اپنی تعریف کرنا<br>C. نئی بات کرنا | 1 |

| | | |
|---|---|---|
| | D. بے عزّت ہونا | |
| 1 | اکرم کی جیت کی خوشی سن کر ابّا کا دل باغ باغ ہو گیا۔ **(خط کشیدہ محاورے کے معنی پہچانیے)**<br>A. ناراض ہونا<br>B. بہت خوش ہونا<br>C. بیزار ہونا<br>D. برا لگنا | 14 |
| 1 | کیا وہ اخبار نہیں پڑھتا۔ **(جملے کی قسم پہچانیے)**<br>A. امریہ جملہ<br>B. بیانیہ جملہ<br>C. فجائیہ جملہ<br>D. استفہامیہ جملہ | 15 |
| 1 | آہا وہ دیکھو عید کا چاند۔ **(جملے کی قسم پہچانیے)**<br>A. بیانیہ جملہ<br>B. فجائیہ جملہ<br>C. امریہ جملہ<br>D. استفہامیہ جملہ | 16 |
| 1 | اسلم کے پاس نو کتابیں ہیں۔ **(خط کشیدہ لفظ کی صفت پہچانیے)**<br>A. صفت عددی<br>B. صفت ذاتی<br>C. صفت نسبتی | 17 |

| | | |
|---|---|---|
| | D. صفت مقداری | |
| 1 | ایرانی قالین بہت قیمتی ہوتی ہے۔ **(خط کشیدہ لفظ کی صفت پہچانیے)**<br>A. صفت مقداری<br>B. صفت ذاتی<br>C. صفت نسبتی<br>D. صفت عددی | 18 |
| 1 | بے خطر کود پڑا آتشِ نمرود میں عشق<br>عقل ہے محو تماشائے لب بام ابھی **(صنعت پہچانیے)**<br>A. صنعت مبالغہ<br>B. صنعت تلمیح<br>C. صنعت تضاد<br>D. صنعت استعارہ | 19 |
| 1 | پتہ پتہ بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہیں **(صنعت پہچانیے)**<br>جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہیں<br>A. صنعت مبالغہ<br>B. صنعت تضاد<br>C. صنعت استعارہ<br>D. صنعت تلمیح | 20 |
| 1 | زرخیز **(معنی پہچانیے)** | 21 |

| | | |
|---|---|---|
| | A. بنجر<br>B. اُپجاو<br>C. خشک<br>D. نم | |
| 22 | تاجر (معنی پہچانیے)<br>A. نوکری کرنے والا<br>B. تجارت کرنے والا<br>C. سرداری کرنے والا<br>D. افسری کرنے والا | 1 |
| 23 | اچّھی صحت کے لیے روزانہ ورزس کرنی چاہیے۔ (خط کشیدہ لفظ کا درست املا پہچانیے)<br>A. ورجش<br>B. ورجس<br>C. ورزش<br>D. ورزص | 1 |
| 24 | احسان بھولنے والے کو بعد میں شرمندا ہونا پڑتا ہے۔ (خط کشیدہ لفظ کا درست املا پہچانیے)<br>A. سرمندہ<br>B. صرمندہ<br>C. شرمندا<br>D. شرمندہ | 1 |
| ❖ | **درج ذیل عبارت پڑھ کر پوچھے گئے سوالات کے جوابات دیے گئے متبادل میں سے چن کر لکھیے۔** | |

| | | |
|---|---|---|
| | ابو عبداللہ درزی ملک شام میں رہتا تھا۔ بہت سے لوگ ان سے کپڑے سلواتے تھے ان میں ایک مجوسی بھی شامل تھا۔ جو بہت چالاک اور دھوکے باز تھا۔ وہ ہمیشہ سلائی کروانے کے بعد ان کو کھوٹا سکّہ دے جاتا تھا اور تعجب کی بات یہ ہے کہ وہ پہچان کے بعد بھی وہ سکّہ رکھ لیتے تھے۔ ایک دن ایسا ہوا کہ وہ دکان پر نہیں تھے۔ ان کا ملازم تھا وہ مجوسی آیا اور اس نے سلائی کے پیسوں میں کھوٹا سکّہ دیا جو کہ ملازم نے پہچان کر واپس کر دیا۔ اس نے دیکھا کہ وہ پکڑا گیا ہے تو اس نے سکّہ بدل دیا۔ ابو عبداللہ کے آنے پر ان کے ملازم نے سارا ماجرا سنایا کہ اس مجوسی نے کیا کیا تھا۔ اس کی بات سن کر عبداللہ نے کہا کاش تم وہ سکّہ لے لیتے میں کب سے اس سے وہ سکے صرف اس وجہ سے لے رہا ہوں کہ وہ یہ سکے کسی اور کو نہ دے دے۔ میں وہ سکے اندھے کنویں میں پھینک دیا کرتا تھا تاکہ یہ دھوکہ دہی کا سلسلہ یہی ختم ہو جائے اور کسی کو نقصان نہ اٹھانا پڑے۔ | |
| 1 | ابو عبداللہ کہاں کے رہنے والے تھے؟<br>A. ملک پاکستان<br>B. ملک ایران<br>C. ملک چین<br>D. ملک شام | 25 |
| 1 | ابو عبداللہ کیا کام کرتے تھے؟<br>A. نائی<br>B. استاد<br>C. درزی<br>D. حلوائی | 26 |
| 1 | مجوسی کیسا شخص تھا؟<br>A. رحم دل<br>B. چالاک اور دھوکے باز | 27 |

| | | |
|---|---|---|
| | C. سخت مزاج<br><br>D. مسخرہ | |
| 1 | مجوسی سلائی کے بدلے ابو عبداللہ کو کیا دیا کرتا تھا؟<br><br>A. چاندی سکّہ<br><br>B. کھوٹا سکّہ<br><br>C. سونے کا سکّہ<br><br>D. پیتل کا سکّہ | 28 |
| 1 | ابو عبداللہ کھوٹا سکّہ لے کر کیا کرتے تھے؟<br><br>A. اپنے پاس رکھتے تھے۔<br><br>B. اپنے دوست کو دیتے تھے۔<br><br>C. اندھے کنویں میں پھینک دیتے تھے۔<br><br>D. غریبوں کی مدد کرتے تھے۔ | 29 |
| 1 | فائدہ **(ضد پہچانیے)**<br><br>A. کامیابی<br><br>B. اداس<br><br>C. نقصان<br><br>D. ان میں سے کچھ نہیں | 30 |
| 1 | کپڑا **(جمع پہچانیے)**<br><br>A. کپاڑ<br><br>B. کاپڑ<br><br>C. کپڑ | 31 |

| | | |
|---|---|---|
| | D. کپڑے | |
| 32 | کاش تم وہ سکّہ لے لیتے۔ **(کس نے کس سے کہا)**<br><br>A. مجوسی نے ابو عبداللہ سے کہا<br><br>B. ملازم نے مجوسی سے کہا<br><br>C. مجوسی نے ملازم سے کہا<br><br>D. ابو عبداللہ نے ملازم سے کہا | 1 |
| 33 | ابو عبداللہ کون سا سلسلہ ختم کرنا چاہتا تھا؟<br><br>A. خط خطابت کا<br><br>B. دوستی کا<br><br>C. دھوکا دہی کا<br><br>D. ملنے جلنے کا | 1 |
| 34 | ملازم سے سارا ماجرا سن کر ابو عبداللہ نے کیا کہا؟<br><br>A. کاش میں اس وقت یہیں دکان پر ہوتا<br><br>B. کاش تم نے وہ سکّہ لے لیا ہوتا<br><br>C. کاش تم نے اسے معاف کر دیا ہوتا<br><br>D. کاش تم نے پولس کو بلوایا ہوتا | 1 |
| ❖ | **درج ذیل عبارت پڑھ کر پوچھے گئے سوالات کے جوابات دیۓ گئے متبادل میں سے چن کر لکھیے۔** | |
| | آج کی دُنیا کا سب سے بڑا مسئلہ ماحول کی آلودگی ہے اور اس کی آلودگی کی کئی قسمیں ہیں۔ دیہاتوں، بستیوں اور شہروں میں جمع ہونے والی گندگی سے ماحول میں آلودگی پھیلتی ہے جو انسانی صحت کے لیے بے حد نقصاندہ ہے۔ پانی کی آلودگی سے نہ صرف انسانی صحت تباہ ہوتی ہے بلکہ پانی میں رہنے والے جاندار بھی متاثر ہوتے ہیں۔ ہوا کی آلودگی سے معاشرے کا ہر فرد بیمار ہو سکتا ہے۔ شور وغل کی آلودگی سے لوگوں میں آنکھوں اور کانوں کی بیماریاں لگ جاتی ہیں۔ آج کل زیادہ تر شہروں میں ٹریفک کا دھواں، گرد و غبار اور جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر دکھائی دیتے ہیں اور یہ تمام چیزیں مل کر انسانی صحت کو بری طرح متاثر کر رہی ہیں۔ اس خراب صورتِ حال کے ذمہ دار | |

| | | |
|---|---|---|
| | انسان ہی ہیں اور ہم سب کو مل کر ہی اس مسئلے کا حل تلاش کرنا ہو گا۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اس آلودگی کو کم کرنے اور ماحول کو صاف رکھنے کے لیے اپنی اور اپنے ماحول کی صفائی کا خاص خیال رکھیں۔ | |
| 1 | آج کی دُنیا کا سب سے بڑا مسلہ کیا ہے؟<br>A. گھر کی آلودگی<br>B. کپڑوں کی آلودگی<br>C. کھانے کی آلودگی<br>D. ماحول کی آلودگی | 35 |
| 1 | ماحول کی آلودگی کیسے پیدا ہوتی ہے؟<br>A. دیہاتوں، شہروں اور بستیوں میں پیدا ہونے والی گندگی کی وجہ سے<br>B. انسانوں کی بڑھتی آبادی کی وجہ سے<br>C. بدن کو صاف کرنے کی وجہ سے<br>D. آس پاس صفائی کرنے کی وجہ سے | 36 |
| 1 | پانی کی آلودگی سے نہ صرف انسانی صحت تباہ ہوتی ہے بلکہ ---------<br>A. پرندے بھی متاثر ہوتے ہیں<br>B. چرند بھی متاثر ہوتے ہیں<br>C. پانی میں رہنے والے جاندار بھی متاثر ہوتے ہیں۔<br>D. ان میں سے کچھ بھی نہیں | 37 |
| 1 | ماحول کی آلودگی کے ذمہ دار کون ہیں؟<br>A. انسان<br>B. جانور<br>C. پرندے<br>D. کوئی بھی نہیں | 38 |

| | | |
|---|---|---|
| 1 | آج کل زیادہ تر شہروں میں ٹریفک کا دھواں، گرد و غبار اور جگہ جگہ---------<br>A. لوگوں کی بھیڑ دکھائی دیتی ہے۔<br>B. گندگی کے ڈھیر دکھائی دیتے ہیں۔<br>C. جانور دکھائی دیتے ہیں۔<br>D. مٹّی دکھائی دیتی ہے۔ | 39 |
| 1 | لوگوں میں آنکھوں اور کانوں کی بیماریاں لگنے کی کیا وجہ ہے ؟<br>A. پانی کی آلودگی<br>B. ہوا کی آلودگی<br>C. مٹّی کی آلودگی<br>D. شور و غل کی آلودگی | 40 |
| 6 | مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دس سے پندرہ الفاظ میں لکھیے۔ **(کوئی تین)** | ❖ |
| | شیر کس طرح کے جنگلوں میں رہتا ہے ؟ | 41 |
| | گھوڑے نے گھنٹہ کس طرح بجایا؟ | 42 |
| | کنگارو کی غذا کیا ہے ؟ | 43 |
| | اوس کے قطرے پھولوں کی پتّیوں پر کیسے لگتے ہیں ؟ | 44 |
| | گھونسلے سے زمین پر انڈے کس نے گرادئے اور کیوں ؟ | 45 |
| | ہاتھی کی روٹی کیسی ہوتی تھی ؟ | 46 |
| 8 | مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات پچیس سے تیس الفاظ میں لکھیے۔ **(کوئی دو)** | ❖ |
| | لوگ چوہوں کی شرارت سے کیوں تنگ آ گئے تھے ؟ | 47 |
| | اگر جنگل نہ ہوتے تو ہمیں کون کون سی چیزیں نہیں ملتیں ؟ | 48 |

| | | |
|---|---|---|
| 49 | تاجر کا چہرہ شرم سے کیوں سرخ ہو گیا؟ | |
| 50 | پانڈے کو گھنے بالوں سے کیا فائدہ ہوتا ہے ؟ | |
| 51 | مصنف نے اوس کو قدرتِ ربّانی کا جلوہ کیوں کہا ہے ؟ | |
| ❖ | مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دس سے پندرہ الفاظ میں لکھیے۔ **(کوئی دو )** | 4 |
| 52 | دُنیا میں عزّت کا سہرہ کس کے سر بندھتا ہے ؟ | |
| 53 | نظم 'بہادر بنو' میں علم کی اہمیت کس طرح ظاہر کی گئی ہے ؟ | |
| 54 | لڑکی غمگیں لے میں کیوں گا رہی ہے ؟ | |
| 55 | کامرانی کا راز کیا ہے ؟ | |
| 56 | پودے پر عنایت کی نظر ہونے سے کیا مراد ہے ؟ | |
| ❖ | مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات پچیس سے تیس الفاظ میں لکھیے۔ **(کوئی دو)** | 6 |
| 57 | کسی سے گفتگو کرنے کے کیا آداب ہیں ؟ | |
| 58 | لڑکی کے گیت گاتے وقت کس طرح کا ماحول تھا؟ | |
| 59 | نااتّفاقی کو آزارِ جاں کیوں کہا گیا ہے ؟ | |
| 60 | نظم میں گھاس نے پودے سے کیا کہا؟ | |
| 61 | درج ذیل نکات کی مدد سے کہانی مکمل کر اسے ایک عنوان دیجیے۔<br>ایک ندی----ایک چھوٹا سا پُل----ایک بکری ادھر سے آئی----دوسری اُدھر سے آئی-----پُل کے درمیان میں ملنا----نہ پیچھے مڑ سکتی ہے نہ آگے جا سکتی ہے------ایک بکری بیٹھ گئی-----دوسری اس کے اوپر سے گزر گئی-----پہلی بکری اُٹھی اور آرام سے کنارے پر پہنچ گئی----سیکھ۔ | 5 |
| 62 | سلیم/سلمہ کان، گھر نمبر 232، مسلم واڑہ، مڑ گاوں، گوآ سے اپنے والد صاحب کے نام ایک خط لکھ کر کتابیں خریدنے کے لیے روپے طلب کرتا/کرتی ہے۔ | 5 |
| ❖ | مندرجہ ذیل کسی ایک عنوان پر 150 سے 200 الفاظ کا مضمون لکھیے۔ | 6 |
| 63 | اخبار بینی کے فوائد | |

| | | |
|---|---|---|
| | میری پسندیدہ شخصیت | 64 |
| | بے روزگاری کا مسلہ | 65 |
| | اسکول کا سالانہ جلسہ | 66 |
| | تعلیمِ نسواں | 67 |
| | ---------------------------------------------------------------------------------------------------- | |